## قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے کی مکمل حمایت کرتے ہیں،قائد پنجابی قومی تحریک ڈاکٹر یوسف سلیم

## پنجاب میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن ملک کی سالمیت کے خلاف گھناؤنی سازش ہے،رابطہ کمیٹی

## پنجابی قومی تحریک کے قائدڈاکٹر یوسف سلیم اورچیئر مین چوہدری الٰہی بخش گجر کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

کراچی ۔۔۔7،جولائی2009ء

پنجابی قومی تحریک کے قائدڈاکٹر یوسف سلیم اورچیئر مین چوہدری الٰہی بخش گجر کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روزخورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب احمد بخاری،سیف یار خان، نیک محمد اور شاکر علی سے ملاقات کی۔اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے ۔ملاقات میں ڈاکٹر یوسف سلیم نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ ملک دوست قوتوں کا اتحادوقت کی اہم ضرورت ہے اورہم قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے بات چیت کرتے ہوئے وفد کے خیالات کا سراہا اور کہا کہ پنجاب میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن ملک کی سالمیت کے خلاف گھناؤنی سازش ہے اورتمام محبّ وطن سیاسی جماعتوں کواس کے خلاف آواز بلند کرنی چاہیئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنما ہیں جنھوں نے سب سے پہلے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کا انکشاف کیا اوراس حوالے سے بار بار ملک وقوم کوآ گاہی فراہم کرتے رہے اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی طالبانائزیشن کے خلاف عملی کوششوں کے باعث آج ملک بھر کےعوام بیدار ہو چکے ہیں اور طالبانائزیشن کے خلاف صف آراء ہیں۔

## پنجاب کے بعض مدارس میں نام نہاددرسِ جہاددین اسلام اورملک کے مفادمیں نہیں ہے،اراکین قومی اسمبلی

## نام نہاددرس کے نتیجے میں خودکش بمبار بنائے جارہے ہیں جوملک وقوم کوترقی وخوشحالی کی جانب لیجانے کے بجائے خودکش بم دھماکوں کے ذریعے تنزلی کی جانب لیجا جارہے ہیں

## جامعہ نعیمیہ لاہورمیں سنی اتحادکونسل کے اجلاس میں پنجاب کے بعض مدارس میں دہشت گردوں کے متحرک ہونے اوراسلحہ جمع کرنے کے انکشاف پراظہار تشویش

کراچی ۔۔۔7،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے جامعہ نعیمیہ لاہورمیں سنی اتحادکونسل کے اجلاس میں پنجاب کے بعض مدارس میں دہشت گردوں کے متحرک ہونے اوراسلحہ جمع کرنے کے انکشاف پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ پنجاب میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے خلاف عوام کوخود صف آراء ہونا پڑے گا اوراس کے خلاف عملی جدوجہد کرنا ہوگی۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب کے بعض مدارس کی طرح،صوبہ سندھ اور دیگر صوبوں کے بعض مدارس بھی دہشت گردوں کی آماجگاہ بنے ہوئے ہیں اور یہاں اسلام کے نام پر نام نہاد جہاد کا درس دیا جاتا ہے،اب واضح ہوگیا ہے کہ یہ نام نہاد درسِ جہاد نہ تو ملک کے مفاد میں ہے اور نہ ہی دین اسلام کے مفاد میں بلکہ اس درس کے نتیجے میں خودکش بمبار بنائے جارہے ہیں اورشدت پسندی اور انتہاء پسندی کوفروغ دیکر مستقبل کے معماروں کوملک وقوم کی ترقی وخوشحالی میں استعمال کرنے کے بجائے خودکش بم دھماکوں کے ذریعے تنزلی کی جانب لیجایا جارہا ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ پنجاب کے بعض مدارس میں دہشت گردوں کے محترک ہونے اوراسلحہ جمع کرنے کے انکشاف کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ایسے مدارس کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لاکر انتہاء پسندی،شدت پسندی اور دہشت گردی کے عفریت کا خاتمہ کیا جائے۔

## جناب الطاف حسین کی جانب سے چیف جسٹس آف پاکستان کے نام تحریر کئے گئے کھلے خط نے معیشت کی بحالی کی راہ دکھادی ہے
## قومی خزانے کی لوٹ مار کر کے قرضے معاف کرانے والوں کا محاسبہ قومی خواہشات اور امنگوں کی مکمل ترجمانی کرتا ہے
## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور نائن زیرو پر پیغامات

کراچی۔۔۔7، جولائی 2009ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس جناب افتخار محمد چوہدری کے نام لکھے گئے کھلے خط کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ جناب الطاف حسین نے اپنے کھلے خط میں جن حقائق کو سادے الفاظ میں بیان کیا ہے وہ ملک بھر کے عوام کی ترجمانی کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر اپنے فیکس، ٹیلی فون اور ای میل پیغامات میں کیا۔ پیغامات بھیجنے والوں میں اساتذہ، پروفیسرز، تاجر، صنعتکار، علمائے کرام، وکلاء، سیاسی وسماجی تنظیمیں اور دیگر مکاتب فکر کے لوگ بڑی تعداد میں شامل ہیں۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے اپنے کھلے خط میں چیف جسٹس جناب افتخار محمد چوہدری سے 1971ء سے لیکر 2009ء تک قومی خزانے پر ڈاکہ ڈالنے والے فوجی جرنیلوں، بیوروکریٹس، جاگیرداروں اور صنعت کاروں کے کڑے احتساب کی اپیل کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ ملک کو معاشی، سیاسی، بحرانوں اور دہشت گردی کے عفریت سے نجات کیلئے کس قدر فکرمند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی آواز ہمیشہ ظلم وستم کے خلاف بلند ہوتی رہی ہے اور چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری جہاں دیگر ایشوز کا ازخود نوٹس لے رہے ہیں وہیں انہیں ملکی خزانے پر ڈاکہ ڈالنے والے بڑے بڑے ڈاکوؤں کا بھی احتساب کرنا چاہئے اور ملک کے عوام کی محنت کی کمائی کو واپس قومی خزانے میں لانے کیلئے سوموٹو ایکشن لینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے معاشی حالات خراب سے خراب تر ہورہے ہیں، ملک کی معیشت کو اس مقام تک پہنچانے کے ذمہ دار بھی قومی خزانے کی لوٹ مار کر کے قرضے معاف کرانے والے ہیں جن کا محاسبہ قومی خواہشات اور امنگوں کی مکمل ترجمانی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے کھلے خط میں مہنگائی، بے روزگاری، فاقہ کشی، صوبوں کے ساتھ ناانصافیوں کے باعث احساس محرومی اور ان میں پائی جانے والی سخت ناراضگی، ملک کی معاشی بدحالی اور مختلف الزامات میں جیلوں میں قید افراد کا ذکر بھی کیا ہے ان تمام مسائل کا حل ملک کی معیشت کو سہارا ملنے میں ہی مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی جانب سے چیف جسٹس آف پاکستان کے نام تحریر کئے گئے کھلے خط نے معیشت کی بحالی کی راہ دکھادی ہے اور اس کیلئے بلاتفریق کارروائی کرنا ہی ملک وقوم کے مفاد میں ہوگا۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## کورنگی چکرا گوٹھ میں 3 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی اور وحشیانہ قتل میں ملوث درندہ صفت پولیس اہلکاروں کو عبرتناک سزادی جائے، رابطہ کمیٹی
## عوام کو تحفظ دینے والے ادارے سے کالی بھیڑوں کا مکمل صفایا کیا جائے

کراچی۔۔۔7، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کورنگی چکرا گوٹھ میں پولیس اہلکاروں کی 3 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی اور اس کے وحشیانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو تحفظ دینے والے ادارے سے کالی بھیڑوں کا صفایا کیا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کی 3 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی اور قتل کے واقعہ پر بچی کے لواحقین اور علاقے کے عوام میں شدید غم وغصہ کی لہر پائی جارہی ہے اور اس دردناک واقعہ پر ہر دل خون کے آنسو رو رہا ہے، رابطہ کمیٹی نے زیادتی کا نشانہ بننے والی بچی کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور یقین دلایا کہ اس واقعہ میں ملوث عناصر اپنے عبرتناک انجام سے ضرور دوچار ہوں گے۔ رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کورنگی گوٹھ میں پولیس اہلکاروں کی معصوم بچی سے زیادتی اور قتل کے المناک واقعات کی روک تھام کیلئے سخت ترین اقدامات عمل میں لائے جائیں اور واقعہ میں ملوث درندہ صفت پولیس اہلکاروں کو آئین وقانون کے مطابق قرار واقعی سزادی جائے۔

## لانڈھی ٹاؤن میں غیر قانونی ہائیڈرینٹس کا قیام علاقہ کے عوام کیلئے باعث زحمت بن چکا ہے، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی

## غیر قانونی ہائیڈرینٹس فی الفور بند کرائے جائیں اور عوام کو پانی کی بنیادی سہولت کی بلا رکاوٹ فراہمی کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں

کراچی۔۔۔7، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے لانڈھی ٹاؤن میں غیر قانونی ہائیڈرینٹس کے قیام اوراس کے باعث متعدد علاقوں میں پانی کی شدید قلت ہونے پر گہری تشویش کا اظہار ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لانڈھی ٹاؤن میں غیر قانونی ہائیڈرینٹس کا قیام علاقہ کے عوام کیلئے باعث زحمت بن چکا ہے اور پانی کی قلت کے باعث لوگوں کے روزمرہ معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ہائیڈرینٹس شہر اوراس کے عوام کے مفاد میں ہرگز نہیں ہیں اوراس کے خلاف کارروائی کرکے عوام کے مسائل اور مشکلات کو حل کرنا ہی ہر حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ لانڈھی ٹاؤن سمیت شہر میں جہاں کہیں بھی غیر قانونی ہائیڈرینٹس قائم ہیں ان کے خلاف فی الفور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، غیر قانونی ہائیڈرینٹس فی الفور بند کئے اور عوام کو پانی کی بنیادی سہولت وافر مقدار میں فراہم کرنے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## میمن مسجد کے خطیب قاری رضا مصطفیٰ کی صاحبزادی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

## نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست مشیر خواجہ اظہار الحسن، رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید اور ایم کیو ایم علماء کمیٹی کی شرکت

کراچی۔۔۔7، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے میمن مسجد کے خطیب قاری رضا مصطفیٰ کی صاحبزادی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہار الحسن اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید نے میمن مسجد کے خطیب قاری رضا مصطفیٰ کی صاحبزادی کی نماز جنازہ اور تدفین میں شرکت کی۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مسجد بہزاد سخی حسن میں ادا کی گئی بعدازاں مرحومہ کو سخی حسن کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج و اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ڈکیتی کے واردات میں جاں بحق ہونے والے راشد سلطان اور ساجد سلطان کو سپرد خاک کردیا گیا

## نماز جنازہ و تدفین میں حق پرست ارکان قومی و صوبائی اسمبلی ودیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔7، جولائی 2009ء

گذشتہ روز لانڈھی کی بابر مارکیٹ میں ڈکیتی کی واردات کے دوران جاں بحق ہونے والے راشد سلطان اور ساجد سلطان کو آج منگل کے روز اسماعیل گوٹھ قبرستان میں سیکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کردیا گیا۔ اس سے قبل مرحومین کی صبح 10 بجے نماز جنازہ ادا کی گئی۔ جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید خالد احمد، نگراں ٹاؤن ناظم حمید، یوسی ناظم راشد، نائب ناظم ایاز، کونسلر شاہد ابرار، ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے ذمہ داران و کارکنان اور ایم کیو ایم لانڈھی یونٹ کے 83 اور یونٹ 87 کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ علاقے کے سیکڑوں عوام نے شرکت کی۔ بعدازاں حق پرست ارکان قومی و صوبائی اسمبلی ساجد احمد اور خالد احمد کے علاوہ ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر انچارج جاوید نے مرحومین کے گھر گئے اور ان کے اہلخانہ سے متحدہ کے قائد جناب الطاف حسین اور اپنی جانب سے تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر حق پرست ذمہ داران نے مرحومین کے اہلخانہ دوست احباب اور علاقے کے عوام کو صبر کی تلقین کی اور انہیں ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ قاتلوں کو بہت جلد گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

# ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن اور لیاقت آباد ٹاؤن کے حق پرست لیبر کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کی یونٹ کمیٹی کے رکن فیصل محمود کی والدہ محترمہ رقیہ بیگم اور لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 11 کے حق پرست لیبر کونسلر محمد احمد کے والد حاجی اسماعیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)